الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

اسلام آباد۔ 28 اگست 2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ضمنی انتخابات کے لیے شیڈول جاری کیا گیا ہے جس کے تحت کاغذات نامزدگی 28 اگست سے 30 اگست تک متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کے پاس جمع کروائے جاسکتے ہیں اس ضمن میں اس بات کی وضاحت کی جاتی ہے کہ جن حلقوں میں عام انتخابات کے دوران انتخابی امیدوار کی وفات کی وجہ سے انتخابی عمل الیکشن ایکٹ 2017 کی سیکشن 73 کے تحت ملتوی کر دیا گیا یا الیکشن کمیشن نے اپنے حکم نامے کے تحت انتخابی عمل کو معطل کر دیا تو ان حلقوں میں انتخابی امیدوار جو پہلے سے اپنے کاغذات نامزدگی اور ڈیپازٹ جمع کروا چکے ہیں' کے لیے لازم نہیں ہے کہ وہ ازسرنو کاغذات نامزدگی اور ڈیپازٹ جمع کروائیں تاہم دیگر تمام حلقوں میں امیدوار کاغذات نامزدگی اور ڈیپازٹ جمع کروائیں گے۔